© rasailojaraid.com



# شیخ الحدیث حافظ عبدالمنان نورپوری رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ وفات 26 فروری 2012ء

(مولانا قاری تاج محمد شاکر ایم۔اے پتوکی)

| | |
|---|---|
| دین کا داعی مبلغ حافظ عبدالمنانؒ | خوش اخلاق شیریں بیان حافظ عبدالمنانؒ |
| شیخ الحدیث شیخ القرآن حافظ عبدالمنانؒ | مسلکِ حقہ کی جان حافظ عبدالمنانؒ |
| علمائے سلف کی یادگار، متقی پرہیزگار | کتنا عظیم تھا انسان حافظ عبدالمنانؒ |
| روشن فکر، روشن دماغ، سنت سے چہرہ باغ باغ | حفظ و ضبط اللہ کی شان حافظ عبدالمنانؒ |
| بے مثل فکر و فہم پیکرِ علم و حلم | جیت لیتے تھے ہر میدان حافظ عبدالمنانؒ |
| حدیثِ نبویؐ کے سپاہی ہر نقشِ باطل کے ماحی | اہل حق کی تھی پہچان حافظ عبدالمنانؒ |
| بہت سادہ عمر گزاری پڑھتے پڑھاتے رہے بخاری | ترتیل سے پڑھتے قرآن حافظ عبدالمنانؒ |
| ذہانت و فطانت بڑی، ذکر الٰہی ہر گھڑی | مسلک پہ تھا رب کا احسان حافظ عبدالمنانؒ |
| گنج ہائے گرانمایہ تاج ہم نے نہ قدر پایا | تھے وہ اللہ کی برہان حافظ عبدالمنانؒ |
| خاک سے پیدا ہوا اللہ نے یہ رُتبہ دیا | تاج جنت کا مہمان حافظ عبدالمنانؒ |
| گوجرانوالہ کی ہر گلی کہتی ہے اللہ کا ولی | کردار جس کا عظیم الشان حافظ عبدالمنانؒ |

© rasailojaraid.com